© rasailojaraid.com

باب میں کوشش کا سیر حاصل بیان ملتا ہے۔ آخری حصہ جسے عہد تدوین کا نام دیا گیا ہے۔ اس میں احادیث کے بالکل ابتدائی مجموعوں، موطات اور مسانید کی تفصیل درج ہے۔ کتبِ حدیث کی اقسام اور ان کے مختلف طبقات کا ذکر ہے۔ نیز مؤطا امام مالکؒ اور صحاح ستہ کے عظیم مؤلفین کے حالاتِ زندگی، ان کے مجموعہ ہائے احادیث کی امتیازی خصوصیات اور ان کی متعدد قابلِ ذکر شروح کی تفصیل دی گئی ہے۔

کتاب میں فاضل مؤلف نے مختلف مقامات پر منکرینِ حدیث کے پھیلائے ہوئے کانٹوں کو بڑی خوبی سے صاف کیا ہے۔ اندازِ بیان نہایت شستہ اور متین ہے۔ کوئی بات دلیل کے بغیر نہیں کہی گئی۔ اور ہر صفحہ مستند کتابوں کے حوالوں سے مزین ہے۔ ہم فتنۂ انکارِ حدیث سے متاثر ہر فرد سے خصوصاً اور دوسرے تعلیم یافتہ حضرات سے عموماً حفاظتِ حدیث کے مطالعہ کی درخواست کرتے ہیں۔ اور اس کی اشاعت پر محترم مؤلف اور ناشر کو ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔

---

**دینی تعلیمات** از امتیاز احمد سعید ایم۔ اے شائع کردہ مجید بک ڈپو اردو بازار لاہور صفحات ۲۲۴۔ قیمت ۳/۲۵ روپے۔ طباعت کتابت گوارا۔

زیرِ نظر کتاب، لائق مصنف نے انٹرمیڈیٹ کے طلباء کی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے تالیف کی ہے۔ اور اس میں دینی تعلیمات کا مناسب ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔ کفر و ایمان کی وضاحت، اسلام کے ارکانِ خمسہ کی تشریح اور اخلاق و آداب اور حقوق و فرائض کا بیان بالاختصار شاملِ کتاب ہے۔ نیز تیسویں پارے کا ربع آخر بھی ترجمہ و تفسیر سمیت درج کر دیا گیا ہے۔

ہماری نظر میں یہ کتاب، اسلامیات کے طلبہ کے لیے کافی افادیت کی حامل ہے۔ انہیں اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔

---

© rasailojaraid.com